فوری ریلیز کے لیے: 20/10/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر KATHY HOCHUL کی جانب سے بیان

"آج، ایک جیوری نے Robert Brooks (رابرٹ بروکس) کے ہولناک قتل میں ایک اصلاحی افسر کو مجرم قرار دیا ہے جبکہ دیگر دو کو بری کر دیا ہے۔ اگرچہ میں بری کرنے کے ان فیصلوں پر مایوس ہوں، لیکن میں جیوری کے فیصلے کا احترام کرتی ہوں۔ مسٹر Brooks (بروکس) کے ساتھ جو ہوا وہ ناقابلِ قبول ہے، اور یہ فیصلے مسٹر Brooks (بروکس) اور Messiah Nantwi (مسیح نینٹوی) کے بے معنی نقصانات کی ایک اور المناک یاد دہانی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ میں ان تبدیلیوں کے لیے گہرا عزم رکھتی ہوں جو ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کر رہے ہیں کہ ریاست نیو یارک کی اصلاحی سہولت گاہیں وہاں داخل ہونے والے ملازمین، قیدیوں، زائرین اور رضاکاروں، سب کے لیے مساوی طور پر محفوظ ہوں۔

میرا مؤقف ابتداء سے ہی بہت واضح ہے: ہم ایسے افراد کے لیے برداشت کا کوئی جذبہ نہیں رکھتے جو حدود سے تجاوز کرتے ہیں، قانون شکنی کرتے ہیں اور بے جا تشدد یا بدسلوکی میں ملوث ہوتے ہیں۔ محکمۂ اصلاحات و کمیونٹی نگرانی (Department of Corrections and Community Supervision)، ریاستی پولیس اور اونونڈاگا کاؤنٹی ڈسٹرکٹ اٹارنی (Onondaga County District Attorney) کی کارروائیوں کے نتیجے میں، ان ذمہ دار افراد میں سے چھ پہلے ہی اپنے جرم کا اعتراف کر چکے ہیں اور آج مجرم قرار دیئے گئے شخص کے ساتھ سزا کی مدت پوری کریں گے۔

ہمارے اصلاحی افسران کی بھاری اکثریت مشکل حالات میں غیر معمولی کام انجام دیتی ہے، اور ان افراد کے اقدامات سے ان اصلاحی افسران کی دیانت داری اور پیشہ ورانہ معیار کی نمائندگی نہیں ہوتی جو ہماری سہولت گاہوں میں بدستور اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ جو افراد قابلِ مذمت پرتشدد کارروائیوں کے ذمہ دار ہیں، انہیں قانون کے مطابق مکمل طور پر جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیئے، اور میری انتظامیہ اسی بات کے لیے پرعزم ہے۔

میں اونونڈاگا کاؤنٹی کے ڈسٹرکٹ اٹارنی، نیو یارک ریاستی پولیس، دفتر برائے خصوصی تحقیقات (Office of Special Investigations) اور ان تمام افراد کی شکر گزار ہوں جنہوں نے مسٹر Brooks (بروکس) کے خاندان کو انصاف دلانے کے لیے انتھک محنت کی ہے۔ ان کے پیارے جو غم سہہ چکے ہیں اور جس نقصان کا بوجھ اٹھا رہے ہیں میں ان پیاروں کے سوگ میں شریک ہوں۔ میری انتظامیہ اس بات کے لیے پرعزم ہے کہ اس طرح کا سانحہ دوبارہ کبھی پیش نہ آئے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر کے دفتر سے اپ ڈیٹس حاصل کرنے کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں